**21/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے
پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

ہیڈ لائنز

☆...........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری کے بڈھال گاؤں کا کیا دورہ// پُر اسرار اموات سے متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد کا دلایا یقین۔

☆........... لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی قیادت میں شمال مشرقی ریاستیں سماجی و اقتصادی ترقی کی نئی راہ پر گامزن۔

☆...........چھتیس گڈھ اور اُڑیشہ کے سرحد پر ایک کاروائی میں 14 ماؤ نواز ہلاک// وزیر داخلہ نے حفاظتی عملے کی کامیابی کو دیا اہم قرار۔

اور

☆........... وادی میں یوم جمہوریہ تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے انتظامات اور تیاریاں آخری مرحلے میں۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج راجوری کے بڑہال گاؤں کا دورہ کر کے وہاں پُراسرار بیماری کی وجہ سے جان بحق ہوئے 17 افراد کے افراد خانہ کے ساتھ ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے متاثرہ کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات پیش نہ آئیں۔

انہوں نے کہا کہ ان اموات کی مختلف سطحوں پر تحقیقات جاری ہے۔ اس موقعے پر کابینی وزیر جاوید رانا اور MLA بدھل جاوید اقبال چودھری بھی انکے ہمراہ تھے۔

دریں اثناء وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں محکمہ سیاحت کی طرف سے سال 2025 کے کلینڈر اور ٹریکنگ نقشے جاری کئے۔

LG

راج بھون جموں میں آج میگالیہ، منی پور اور تریپورہ کا یوم تاسیس منایا گیا۔ اس تقریب میں طلباء، حفاظتی عملے کے اہلکاروں اور جموں وکشمیر میں رہائش پذیر ان تین ریاستوں کے متعدد لوگوں نے شرکت کی۔

ایل جی نے اس موقعے پر کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں شمال مشرقی ریاستوں میں سماجی واقتصادی ترقی کے سفر میں کافی پیش رفت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ریاستیں گوناگوں ثقافتی ورثے سے مالا مال ہے۔ انہوں نے ان ریاستوں کے لوگوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

مبارکباد

دریں اثناء صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے ان تینوں ریاستوں کے سٹیٹ ہوڈ دن کے موقعے پر وہاں کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

امت شاہ

چھتیس گڈھ اور اُڑیشہ سرحد پر کل رات ایک بین ریاستی مشترکہ کاروائی میں کم سے کم 14 ماؤ نواز مارے گئے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے حفاظتی عملے کی اس کاروائی کو بھارت کو نکسل واد سے پاک کرنے کیلئے کلیدی اہمیت کا قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت اور حفاظتی عملے کی مشترکہ کوششوں سے بھارت کو نکسل واد سے چھٹکارا مل جائے گا۔

مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کی G-20 صدارت کے موضوع پر G-20 شیر پا امیتابھ کنٹ کی طرف سے کتاب لکھنے پر انکی تعریف کی ہے۔امیتابھ کنٹ نے یہ کتاب آج وزیراعظم کو پیش کی۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں بھدرواہ کی برف سے ڈھکی گل ڈنڈا وادی سیاحوں کیلئے ایک من پسند جگہ کے طور پر اُبھر رہی ہے اور اب وہاں سنو سکینگ بھی متعارف کی گئی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس پہل سے ایک طرف سکینگ کے شوقین کو علاقے کی طرف راغب کرنے میں مدد ملے گی دوسری طرف سیاحتی سرگرمیوں کیلئے بھی فروغ حاصل ہوگا۔

انتظامات

وادی میں آنے والی یوم جمہوریہ تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے انتظامات اور تیاریوں کو حتمی شکل دی جارہی ہے اور سیول و پولیس انتظامیہ کے افسران الگ الگ میٹنگوں کے دوران انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے آج ایک میٹنگ کے دوران یوم جمہوریہ انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے بلا کسی رُکاوٹ کے تقریبات کے انعقاد کو یقینی بنائیں۔
دریں اثناء آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے کہا ہے کہ یوم جمہوریہ تقریبات کے خوشگوار انعقاد کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ

--------Byte--(V.K Birdi)----

تصادم

سوپور کے زالورہ گجر پتی جنگلات علاقے میں ملی ٹینسی مخالف آپریشن آج اختتام پذیر ہوگیا۔اس تصادم میں کل فوج کا ایک اہلکار مارا گیا تھا۔آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے تصادم کے بارے میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

------Byte--(IGP)----

خراج عقیدت

فوج کے چنار کور کے GOC، صوبائی کمشنر کشمیر، آئی جی پی کشمیر اور حفاظتی عملے کے دیگر ایجنسیوں کے اعلیٰ افسروں نے آج فوجی اہلکار رینگالا کارتھیک کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا، وہ کل سوپور میں اپنی ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے مارے گئے تھے۔ چنار وئیر یرس نے اس بہادر سپاہی کی ہمت اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

آواس یوجنا

ملک میں بے گھر لوگوں کو رہنے کی بہتر سہولیات دستیاب کرانے کیلئے شدومد سے پردھان منتری آواس یوجنا عملائی جا رہی ہے۔ مکانات وشہری معاملات وزارت کی طرف سے عملائی جارہی اس سکیم کیلئے رجسٹریشن کے عمل کو آسان کیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحقین اسے استفادہ کرسکیں۔ اس ضمن میں دیہی ترقیات محکمہ کشمیر کے ڈائریکٹر شبیر حسین بٹ نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

------Byte--Shabir Hsussain-----

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے ان دنوں پورے ملک میں نشہ مکت ابھیان عملایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

------Byte--(PM)----

ادھر جموں وکشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں تاہم کاوشوں میں جدت لانے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے وادی کے ایک معروف شاعر اور قلمکار فیاض تِلگامی نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

----Byte--(Fayaz Tilgami)---

گرفتاری

پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھتے ہوئے آج 6 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ان میں مارول کا کاپورہ پلوامہ کا عادل احمد لون اور محمد اشرف شیخ، پنڈت پورہ کے ملک سجاد اور لچھ ماور علاقے کا جاوید احمد وار شامل ہیں۔ انکے قبضے سے نشیلی ادویات بھی ضبط کی گئی ہیں۔کل شام پولیس نے گُجر گاندربل کے ایک ڈرگ سمگلر شاہد احمد ڈار کو ہیروئن سمیت گرفتار کر کے اُسکے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت FIR درج کیا۔

پولیس نے آج وچی ریشی محلّہ شوپیان کے منظور احمد ریشی نامی ایک منشیات فروش کو PIT این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت گرفتار کر کے سنٹرل جیل کوٹ بلوال جموں میں قید کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے شوپیان میں ایس ایس پی عنایت علی چودھری کی صدارت میں فوجداری قوانین سے متعلق ایک روزہ تربیتی پروگرام اور ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

وحید جیلانی

کشمیر میوزک کلب سرینگر کے چیرمین اور معروف فنکار اور ثقافتی کارکن وحید جیلانی نے نئی دلی میں بھارت کیلئے ایران کے کلچرل کونسلر ڈاکٹر فرید اشر کے ساتھ ملاقات کر کے بھارت اور ایران کے درمیان ثقافتی رشتوں کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے وحید جیلانی نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

------V/O--(Waheed Jeelani)---

نائب وزیر اعلیٰ

ڈی ڈی سی کشتواڑ کے چیرپرسن پوجا ٹھاکر کی قیادت میں آج ایک وفد جموں میں نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری سے ملاقی ہوا۔وفد نے کئی مسائل انکی نوٹس میں لائے۔نائب وزیر اعلیٰ نے اُجاگر کئے گئے تمام معاملات پر ہمدردانہ غور کرنے کا یقین دلایا۔

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سودنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے اور طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آ کر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

..................Byte......(Patient)..................

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ شب معراج کی تقریب کے پیش نظر زائرین کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔ انہوں نے خاص طور سے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی، ٹرانسپورٹ اور طبی سہولیات کی طرف خصوصی توجہ دینے پر زور دیا۔

دریں اثناء پارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری شیخ مصطفیٰ کمال نے آج سرینگر میں عوامی وفود سے بات کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی حکومت لوگوں کی راحت رسانی کیلئے پُرعزم ہے۔

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے۔ 26 فروری تک جاری رہنے والے اس میلے کے 9 ویں دن آج لاکھوں کی تعداد میں شردھالوؤں نے پوتر اسنان میں حصہ لیا۔

------Byte---(Music)-----

انکم ٹیکس

انکم ٹیکس محکمہ اعلیٰ تعلیمی محکمے کے اشتراک سے 23 جنوری کو سہ پہر تین بجے زنانہ کالج پریڈ جموں میں ایک آؤٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ پرنسپل کمشنر انکم ٹیکس جموں و کشمیر اور لداخ وکرم سہائے کی صدارت میں منعقد ہونے والے اس بیداری پروگرام میں متعلقین کو ٹیکس کی ادائیگی سے جڑے معاملات سے متعلق تفصیلی جانکاری دی جائے گی۔

منوج پنڈتا

جموں وکشمیر قانون اسمبلی کے سیکریٹری منوج کمار پنڈتا نے آج پٹنہ بہار میں بھارت کے قانون سازاداروں کے سیکریٹریوں کی 61ویں کانفرنس میں شرکت کی۔

سردی

شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات میں آج بیشتر وقت مطلع ابر آلود رہا اور سردی میں قدرے اضافہ درج کیا گیا۔ کئی بالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ داور گریز میں 5انچ جبکہ سادھنا پاس، فرکیاں ٹاپ اور زڈگلی پر 8انچ برف ریکارڈ کی گئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 11اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 34 منٹ پر
اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 51 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔

ہمیں دیجیئے اجازت// خدا حافظ۔